Maulana Azad National Urdu University

B.A III Semester Examination - December - 2018

BAHS301CCT- History of India (8th Century to 14th Century)

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) ابتدائی عہد وسطیٰ میں پال، راشٹرکوٹ اور پراتیہار سلطنتوں کے درمیان کس علاقے کو لے کر سب سے زیادہ کشمکش تھی۔

(ii) دہلی سلطنت میں تاریخ فیروز شاہی کے نام سے دو کتابیں لکھی گئیں۔ان کے مصنفین کا نام بتائیں۔

(iii) ترکان چہلگانی سے کیا مراد ہے۔

(iv) کس دہلی سلطان نے سجدہ اور پابوس کی رسومات شروع کی۔

(v) ''سرائے عدل'' سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔

(vi) نظام الدین اولیاء کے ملفوظات کا نام بتائیے۔

(vii) نینار(Nayanar) اور الور(Alvar) کون تھے۔

(viii) ''فتوح'' سے کیا مراد ہے۔

(ix) صدر الصدور کسے کہتے ہیں۔

(x) منہاج سراج جزجانی کی تاریخ کا نام بتائیں۔

حصہ دوم

(2) رضیہ سلطان کے عروج وزوال کے اسباب پر روشنی ڈالیں۔

(3) ابتدائی عہد وسطیٰ کے سیاسی اور معاشی حالات کا مختصر جائزہ لیں۔

(4) محمد بن تغلق کی زرعی اور انتظامی پالیسی پر ایک نوٹ لکھیں۔

(5) دہلی سلطنت میں ہندوستان کی بیرونی تجارت پر ایک مضمون لکھیں۔

(6) بھکتی تحریک کے آغاز اور اس کی بنیادی خصوصیات کا ذکر کریں۔

(7) دہلی سلطنت کے مرکزی نظم و نسق پر روشنی ڈالیں۔

(8) بہمنی اور وجے نگر سلطنتوں کے درمیان سیاسی کشمکش کے اسباب پر نوٹ لکھیں۔

(9) سہروردی صوفی سلسلہ کی تعلیمات کا مختصراً ذکر کریں۔

حصہ سوم

(10) ترکوں کی راجپوت ریاستوں پر فتح کے اسباب کا تفصیلی جائزہ لیں۔

(11) سلطان التتمش دہلی سلطنت کا اصل بانی تھا۔ بحث کریں۔

(12) علاءالدین خلجی کی زرعی اور بازار اصلاحات پر روشنی ڈالیں۔

(13) دہلی سلطنت میں اقطاع نظام کی اہمیت اور مختلف دہلی سلطانوں کے عہد میں اس نظام میں آنے والی تبدیلیوں کا تنقیدی تجزیہ کریں۔

(14) دہلی سلطنت میں چشتی (Chishti) صوفی سلسلہ کے ارتقاء، تعلیمات اور اس کی مقبولیت کے عوامل پر بحث کریں۔

☆☆☆